© rasailojaraid.com



مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے ظفر الاسلام اصلاحی صاحب نے ادارہ کا تعارف کرایا اور پروفیسر اشتیاق احمد ظلی اور ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی نے ادارہ کی سرگرمیوں کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ ادارہ کی لائبریری بالخصوص قرآنیات پر قیمتی ذخیرہ دیکھ کر یہ مہمانان گرامی بہت متاثر ہوئے اور محدود وسائل کے باوجود تقریباً ۷ سال سے قرآنیات پر تحقیقی مجلّہ کی مسلسل اشاعت پر حیرت ظاہر کی۔ جناب محمد یوسف وانی صاحب کی رہنمائی میں آخر میں سب نے ادارہ کی توسیع وترقی کے لئے دعائیں کیں۔

## شعبہ اسلامک اسٹڈیز (مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) میں قرآن وسائنس پر سیمینار کا اہتمام:

شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے زیر اہتمام قرآن وسائنس پر سہ روزہ قومی سیمینار ۸۔۱۰ر جنوری ۲۰۰۳ء کو منعقد ہوا۔ شیخ الجامعہ جناب نسیم احمد صاحب نے اس کے افتتاحی اجلاس کی صدارت فرمائی، سابق پرووائس چانسلر پروفیسر محمد شفیع صاحب نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے اس اجلاس کو زینت بخشی۔ ڈاکٹر ریاض احمد کرمانی صاحب (وائس پریسیڈنٹ، مسلم ایسوسی ایشن فار دی ایڈوانسمنٹ آف سائنس علی گڑھ) نے اس موقع پر کلیدی خطبہ پیش کیا۔ سیمینار ڈائرکٹر اور صدر شعبہ پروفیسر عبدالعلی صاحب نے سامعین کا خیر مقدم کرتے ہوئے شعبہ کی سرگرمیوں کا تعارف کرایا۔ سیمینار کنوینر ڈاکٹر سید احسن صاحب نے اسکی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مقالاتی نشستوں کی تفصیلات پیش کیں اور سابق صدر شعبہ پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی صاحب نے قرآن وسائنس کے تعلق پر مختصراً روشنی ڈالی اور تمام مندوبین وحاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

افتتاحی واختتامی اجلاس کے علاوہ مقالات کے سات اجلاس منعقد ہوئے جو بالترتیب پروفیسر ایم۔ اے۔ سلیم خاں، پروفیسر الطاف احمد اعظمی، پروفیسر محمد یٰسین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مظہر صدیقی ، پروفیسر محمود الحق ، پروفیسر اشتیاق احمد ظلی ، ڈاکٹر عابداللہ غازی اور پروفیسر کفیل احمد قاسمی کے زیر صدارت انجام کو پہنچے، ان مختلف اجلاسوں میں مسلم یونیورسٹی کی فیکلٹی آف آرٹس، سوشل سائنس، تھیالوجی، لا، سائنسز، لائف سائنس کے اساتذہ و محققین کے علاوہ جامعہ ہمدرد (نئی دہلی) کشمیر یونیورسٹی، ادارہ تحقیقات اسلامی (علی گڑھ) اور اقرا انٹرنیشنل ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (شکاگو) کے مندوبین کرام نے اپنے مقالات پیش کیے جن کی مجموعی تعداد ۳۷ تھی۔ پیش کردہ مقالات کے خاص خاص موضوعات یہ ہیں: آیات قرآنی کی سائنسی تعبیر، مسائل وصحیح طریق کار، قرآن کے اہم تراجم وتفاسیر میں سائنسی تشریحات، قرآن اور عقلی استدلال، قرآن اور سائنسی مزاج کا ارتقاء، قرآن اور جدید نظریہ ارتقاء، قرآن اور طب، قرآن اور علم الجنین، قرآن اور تخلیق ازواج، قرآن اور حفظان صحت، قرآن اور جدید مہلک امراض، قرآن اور پانی، قرآن اور ماحولیات، قرآن اور نباتات، قرآن اور فلکیات قرآن اور علم کائنات، قرآن اور وائلڈ لائف اور قرآن اور اثریات۔

اختتامی اجلاس پروفیسر ریاض الرحمٰن شروانی صاحب کے زیر صدارت منعقد ہوا اس میں سابق پرووائس چانسلر پروفیسر وصی الرحمٰن صاحب نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت فرمائی۔ سیمینار کی جملہ کاروائی سے متعلق پروفیسر اشتیاق احمد ظلی، ڈاکٹر عابداللہ غازی، پروفیسر محمود الحق، پروفیسر الطاف احمد اعظمی، ڈاکٹر ظفر احسن اور ڈاکٹر ظفرالاسلام اصلاحی نے اپنے تاثرات ظاہر کیے۔ پروفیسر ریاض الرحمٰن شروانی صاحب کے صدارتی خطبہ کے بعد پروفیسر عبدالعلی نے اختتامی کلمات پیش کیے اور ڈاکٹر سید احسن نے تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا۔

اس سیمینار میں ادارہ علوم القرآن کے متعلقین میں پروفیسر اشتیاق احمد ظلی (صدر) نے چوتھے مقالات اجلاس کی صدارت فرمائی۔ ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی (رکن ادارہ) اور ڈاکٹر ظفرالاسلام اصلاحی (اعزازی سکریٹری) نے مقالات پیش کیے۔ آخرالذکر نے پہلے مقالات اجلاس کی نظامت کے فرائض بھی انجام دیے۔

© rasailojaraid.com